SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

March 16, 2021

جعلی اور غیر قانونی سرمایہ کاری اسکیموں سے ہوشیار رہیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد (مارچ 16) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے عوام الناس کو ایک بار پھر متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ سرمایہ کاری کی جعلی اور غیر قانونی سکیموں میں اپنا قیمتی سرمایہ لگانے سے بچیں۔ سرمایہ کاری پر انتہائی پر کشش اور غیر حقیقی منافع کا لالچ دینے والی یہ اسکیمیں آپ کی محنت کی کمائی اور قیمتی سرمایہ کو ضائع کر سکتیں ہیں۔

واضح رہے کہ صرف اور صرف بنک ہی عوام سے براہ راست کیش ڈیپازٹ کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ سرمایہ کاری صرف اور صرف قومی بچت کی اسکیموں یا ایس ای سی پی سے لائسنس یافتہ نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشنز میں کی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی کمپنی یا ادارے کی جانب سے سرمایہ کاری کے لئے رقوم اکٹھی کرنا کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 84 کے تحت ایک غیر قانونی سرگرمی ہے۔

ایس ای سی پی کے علم میں یہ بات آئی ہے کہ "آل پاکستان پراجیکٹس' نامی کمپنی اپنی ویب سائٹ (https://allpakistanprojects.com/) کے ذریعے غیر قانونی طور پر عوام سے سرمایہ کاری کے نام پر رقوم اکھٹی کر رہی ہے۔ ایس ای سی پی کو مذکورہ کمپنی کے بارے میں متعدد شکایات موصول ہوئیں ہیں جن پر کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ "آل پاکستان پراجیکٹس" نام سے کوئی کمپنی ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ نہیں ہے۔ تاہم چند افراد، جن کے نام آل پاکستان پراجیکٹس کی ویب سائٹ دئے گئے ہیں، ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ درج ذیل کمپنیوں میں ڈائریکٹر / ممبر ہیں۔

- اے پی پی پراجیکٹس اینڈ رئیل اسٹیٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ،
- اے آئی ٹی ایس ٹریڈرز (ایس ایم سی-پرائیویٹ) لمیٹڈ،
- اے پی پی ریسٹورینٹس اینڈ کیفے (پرائیویٹ) لمیٹڈ،
- اے پی پی رائیڈرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ،
- اے پی پی شاپنگ مال (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔

یاد رہے کہ کسی کمپنی کی ایس ای سی پی سے رجسٹریشن کا قطعاًیہ مطلب نہیں کہ یہ کمپنی عوام سے سرمایہ کاری کے نام پر فنڈز اکٹھا کر سکتی ہیں۔ عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ ایسی سکیموں سے گمراہ نہ ہوں جو ان کمپنیوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا لین دین کر رہے ہیں۔ غیر قانونی اور مشکوک کاروباری سرگرمیوں میں ملوث کچھ کمپنیوں کی فہرست ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر مندرجہ ذیل لنک پر بھی موجود ہے؛

https://www.secp.gov.pk/document/list-of-companies-indulged-in-unauthorized-activities/?wpdmdl=41058&refresh=5ff2b4f5a82801609741557

عوام سے گزارش ہے کہ عوام سے غیر قانونی طور پر سرمایہ کاری اور فنڈز اکٹھا کرنے والے افراد اور کمپنیوں کے خلاف شکایات اور معلومات اس ای میل ایڈریس scams@secp.gov.pk پر ارسال کریں۔

ٹکرز:

- ایس ای سی پی کا عوام کو جعلی سرمایہ کار کمپنیوں سے ہوشیار رہنے کا انتباہ
- کسی کمپنی کی محض رجسٹریشن عوام سے فنڈز اکٹھا کرنے کا اختیار نہیں: ایس ای سی پی
- عوام غیر حقیقی منافع دینے والی کمپنیوں سے محتاط رہیں!
- عوام پرکشش منافع کے لالچ میں گمراہ نہ ہو
- وارننگ کا مقصد عوام کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے؛ ایس ای سی پی
- عوام آل پاکستان پراجیکٹس کے ساتھ کسی بھی قسم کے لین دین سے باز رہیں؛ ایس ای سی پی